© rasailojaraid.com

## شرکاء کا تعارف

**حافظ احمد یار ــــــــــــــــــ**

سابق شعبہ صدر علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی ، لاہور
مصنف ، علم و عرفان ( تفسیر سورہ آل عمران )
و دستور حیاء ( تفسیر سورہ نساء ) .

**غلام ربانی عزیز ــــــــــــــــــ**

سابق استاذ گورنمنٹ کالج اٹک ،
مصنف سیرت طیبہ " ایوارڈ یافتہ "

**فضل احمد شمسی ــــــــــــــــــ**

ایم اے فلسفہ .
ریسرچ فیلو ادارہ تحقیقات اسلامی
اسلام آباد

**جسٹس پیر کرم شاہ الازہری ــــــ**

جج شریعت اپیل بنچ ، عدالت عظمی پاکستان
نامور مفسر ، مفکر اور فقیہہ ، مصنف ضیاء القرآن
وسنۃ خیر الانام ـ
سرپرست جامعہ محمدیہ غوثیہ بھیرہ ( سرگودھا )

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# نظرات

آج دنیائے علم میں جو ذہنی و فکری بیداری پیدا ہوئی ہے وہ ایک مسلسل عمل کا نتیجہ ہے ، ایک فرد سے دوسرے فرد تک ، ایک طبقے سے دوسرے طبقے تک ، اور ایک نسل سے دوسری نسل تک علم منتقل ہوتا رہا ، نت نئے تجربات اور فکر کی جولا نگاہ میں افادہ اور استفادہ کا عمل آج بھی جاری ہے ، علم کی اس منتقلی میں قرطاس و قلم نے جو خدمات سر انجام دیں وہ بنیادی اہمیت رکھتی ہیں ، انقلاب ذہنی کے لئے قلم کو بارگاہ ایزدی سے جو قوت حاصل ہوئی "الذی علم بالقلم" کی آیت قرآنی میں اسی کی طرف واضح اشارہ موجود ہے ۔

ماہنامہ فکرونظر نے گذشتہ اکیس بائیس برس سے قرطاس و قلم کے ذریعے ارباب فکر و دانش کے تحقیقی و فکری مقالات اپنے قارئین تک پہنچانے کی حتی المقدور کوشش کی ، اور ہر قسم کی مصنوعی حدود قیود سے آزاد ہو کر اسلامی نقطہ نظر پیش کرنے کے لئے فاضل مقالہ نگار حضرات کی محققانہ تحریروں سے فکرونظر کے صفحات کو رونق بخشی ۔ ۱۹۸۳ ء کا آغاز ہم اس عزم صمیم کے ساتھ کرتے ہیں کہ اس مجلہ کی ظاہری و معنوی خوبصورتی کو دوبالا کرنے کیلئے کوشش کریں گے ۔ کسی بھی علمی رسالہ کی روح اس میں طبع ہونے والے فکر انگیز مقالات ہوتے ہیں ، اسکے لئے ہم اہل علم سے تعاون کے خواستگار ہیں ، فکرونظر کے صفحات ان کے مقالات کے لئے حاضر ہیں ، رسالہ کا ظاہری حسن بھی جمالیاتی حس کی تسکین کے لئے بے حد ضروری ہوتا ہے چنانچہ ہم ایک بار پھر خط نسخ کا آغاز کر رہے ہیں ، امید ہے کہ ادارہ کے جدید الیکٹرونک پریس سے طباعت کے بعد رسالہ کی دیدہ زیبی میں اضافہ ہو گا ۔

" مدیر "

© rasailojaraid.com